10اپریل،2018

مالی سال18ء کے ابتدائی نوماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے14.6 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 18ء کے پہلے نو ماہ (جولائی تا مارچ) میں 14606.41 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جو اس میں 3.56 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 14105.03 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

مارچ 2018ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت1772.77 ملین ڈالر تھی جو فروری 2018ء کے مقابلے میں22.24 فیصد، اور مارچ 2017ء کے مقابلے میں 4.62 فیصد زیادہ ہیں۔ بلحاظ ملک مارچ 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتاہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں(بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب427.62 ملین ڈالر420.24 ملین ڈالر،236.17 ملین ڈالر،244.2 ملین ڈالر،183.79 ملین ڈالر، اور 58.89 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ مارچ 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 504.61 ملین ڈالر،362.94 ملین ڈالر،213.42 ملین ڈالر،209.14 ملین ڈالر،197.21 ملین ڈالر اور38.85 ملین ڈالر تھیں۔مارچ 2018ء کے دوران ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر201.86 ملین ڈالر رہیں جبکہ مارچ2017ء میں ان ملکوں سے 168.32 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

****